تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : روئے زیبا کی تابانیاں

مصنف : عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 156 صفحات ۔ قیمت: 99 روپے

ملنے کا پتہ: ☆ جامعہ ابو ہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ

یہ مولانا عبدالقیوم حقانی کی تازہ تصنیف ہے' جس میں شمائل ترمذی کی اڑتالیس احادیث کی مفصل توضیح و تشریح پیش کی گئی ہے۔ یہ احادیث رسول اللہ ﷺ کے مبارک وجود کے خدوخال کے بیان میں ہیں۔ کتاب کُل سات ابواب پر مشتمل ہے' جن کی تفصیل اس طرح ہے:

باب اوّل : آپؐ کے بالوں کے بیان میں

باب دوم : آپؐ کے کنگھی کرنے کے بیان میں

باب سوم : آپؐ کے سفید بال آ جانے کے بیان میں

باب چہارم : آپؐ کے خضاب کرنے کے بیان میں

باب پنجم : آپؐ کے سرمہ کے بیان میں

باب ششم : آپؐ کے لباس کے بیان میں

باب ہفتم : آپؐ کے گزرانِ اوقات کے بیان میں

رسول اللہ ﷺ خالق کائنات کی شاہکار تخلیق ہیں۔ آپؐ بلند ترین اخلاق کے مالک تو تھے ہی' اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو حسن صورت سے بھی خوب نوازا تھا۔ آپؐ کے عادات و خصائل انتہائی پاکیزہ' صاف ستھرے اور پسندیدہ تھے۔ آپؐ کی ہر ادا اعلیٰ معیار کی انتہا کا مظہر تھی۔

فاضل مصنف نے شمائل ترمذی کی متعلقہ احادیث کی تشریح بہت خوبصورت انداز میں کی ہے۔ یہ کتاب دینی دروس کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے تو خصوصی استفادے کی چیز ہے ہی' عام قاری بھی اسے پڑھے گا تو اس کے حسن عقیدت اور ایمان و یقین میں اضافے کا باعث ہوگی۔